814-815

814-815

# مجمع بحار الانوار فی غرائب تنزیل ولطائف الاخبار (جلد اوّل)

محمد بن طاہر پٹنی رح

سائز : ۲۵½ × ۱۴ اور ۱۸ × ۸ سطور : ۲۵

---

13

اوراق : ۳۴۲ خط : نسخ

تاریخ تالیف : سنہ ۹۷۶ھ سنہ ۶۹-۱۵۶۸ء

مقام : پٹن ۔ مالک : ابوبکر بن عبد الباقی

موضوع : لغت حدیث زبان : عربی

آغاز : الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ۔

اختتام : ولا کان لدین فیھا قائما ویروی تزول عوض تدور ای تزول عن ثبوتھا واستقرارھا۔

نوٹ : حرف باب الہمزہ مع الباء سے باب الاو مع الحاء پر مشتمل ہے ۔ اس کتاب میں ایک طویل مقدمہ سپرد قلم کیا ہے جس میں فرماتے ہیں کہ آج کل کے لوگوں کی قصور ہمت کو دیکھتے ہوئے اختصار سے کام لیتے ہوئے حروف تہجی کے ترتیب سے لغت اس طرح تیار کی کہ صحیحین جامع الاصول اور مشکوٰۃ کی شرح بھی معرض وجود میں آجائے ۔ مصنف کہتے ہیں کہ اس ملک میں قحط الرجال ہے اور کتب معتبرہ سے رجوع مشکل ہے لہذا میں نے سوچا ہے کہ جب یہ تیار ہوجائے گی تو میں اپنے پیر و مرشد شیخ علی متقی بن حسام الدین کی خدمت میں روانہ کردوں گا ۔ اخیر میں اس نسخہ میں وہ نامہ نقل کیا گیا ہے جو علی متقی رحمۃ اللہ علیہ نے مکہ مکرمہ سے مولانا محمد بن طاہر پٹنی کو لکھا تھا کہ میں نے خواب میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور پوچھا کہ فی زماننا افضل انسان کون ہے ، فرمایا ، آپ ہیں میں نے پوچھا میرے بعد کون ہے فرمایا محمد بن طاہر ہندوستان میں ہے ۔ خواب سے بیدار ہونے کے بعد



عبدالوہاب تشریف لائے میں نے ارادہ کیا کہ اپنے خواب کا تذکرہ کروں ۔ اس سے قبل انھوں نے اپنا خواب سنایا جو بعینہٖ ایک جیسا تھا معلوم ہوا کہ ایک ہی خواب دونوں نے بیک وقت دیکھا تھا ۔

اس کتاب کے آخری چند اوراق غائب ہیں ۔